F. 6-4 (Edit) /2020 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:15/06/2020

قومی اردو کونسل کی بڑی حصول یابی، کونسل کے کمپیوٹر کورس کو وزارت برائے اسکل ڈیولپمنٹ سے منظوری ملی

اس سے اردو طلبہ وطالبات کے لیے کامیابی کی مزید راہیں کھلیں گی، کونسل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد کا اظہارِ مسرت

نئی دہلی: اردو زبان کے طلبہ و طالبات کو کمپیوٹر اور جدید انفارمیشن ٹکنالوجی سے مربوط کرنے اور اس شعبے میں کریئر بنانے کا موقع فراہم کرنے کے لیے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے تحت کمپیوٹر اپلی کیشنز، بزنس اکاؤنٹنگ اینڈ ملٹی پل ڈی ٹی پی کا ایک سالہ ڈپلوما کورس کروایا جاتا ہے۔ جس سے اب تک پورے ملک کے لاکھوں طلبہ و طالبات استفادہ کر چکے ہیں اور اس سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر مختلف سرکاری و غیر سرکاری اداروں میں ملازمت کے حصول میں بھی کامیاب رہے ہیں۔ واضح رہے کہ کونسل کا یہ کورس نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف الیکٹرانکس اینڈ انفارمیشن ٹکنالوجی (نیلیٹ) چنڈی گڑھ (وزارت برائے الیکٹرانکس و انفارمیشن ٹکنالوجی) کے اشتراک سے چل رہا ہے اور اب اس کورس کو وزارت برائے اِسکل ڈیولپمنٹ کے تحت چلنے والے ادارہ نیشنل اسکل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے منظوری مل گئی ہے، جس سے اس کورس سے مستفید ہونے والے طلبہ و طالبات کے لیے کامیابی اور سرکاری و غیر سرکاری ملازمتوں کے امکانات مزید وسیع ہوگئے ہیں۔ اس موقعے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کونسل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ یہ قومی کونسل کی بڑی حصولیابی ہے اور کونسل کے کمپیوٹر کورس کو اسکل ڈیولپمنٹ منسٹری سے منظوری ملنے کے بعد اس کورس کو مکمل کرنے والے طلبہ وطالبات کے لیے کامیابی کی راہیں مزید روشن ہوگئی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ پہلے بھی کونسل کا کمپیوٹر کورس مکمل کرنے کے بعد اس کے سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر پرائیویٹ اور متعدد ریاستی حکومتوں کے اداروں میں ملازمت مل جاتی تھی مگر اب اس سے تمام ریاستوں اور مرکزی حکومت کے مختلف شعبوں میں بھی ملازمت کا حصول ممکن ہوگا۔ ڈاکٹر عقیل احمد نے کہا کہ قومی کونسل شروع سے ہی اردو دنیا کی ہمہ جہت ترقی کے لیے کوشاں ہے اور کونسل کے تحت چلنے والا کمپیوٹر کورس اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے، اس وقت پورے ملک میں کونسل کے پانچ سو سے زائد سینٹرز چل رہے ہیں جہاں سے ایک لاکھ سے زائد طلبہ و طالبات ڈپلوما ان کمپیوٹر اپلی کیشن، بزنس اکاؤنٹنگ اینڈ ملٹی لنگول ڈی ٹی پی کر کے اپنا کریئر بنا چکے ہیں۔ ڈاکٹر عقیل احمد نے کہا کہ کونسل اردو دنیا کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور اردو کے طالب علموں کے روشن مستقبل کی تعمیر کے سلسلے میں اپنے مقاصد واہداف کے حصول کے لیے پابندِ عہد ہے اور ہم مسلسل ایسی کوششیں کر رہے ہیں جن سے اردو زبان کی ترقی بھی ہو، ساتھ ہی اردو دنیا کو کمپیوٹر اور جدید ٹکنالوجی سے بھی مربوط کیا جائے اور اردو میڈیم سے تعلیم حاصل کرنے والے بچوں اور بچیوں کے لیے ترقی و کریئر کی نئی نئی راہیں بھی ہموار کی جائیں۔

(رابطہ عامہ سیل)